Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

1 ستمبر 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم اجلاس
- کور کمیٹی اجلاس میں زیرِ غور معاملات پر کمیٹی کا متفقہ مؤقف جاری
- تحریک انصاف کے صدر چودھری پرویز الٰہی کی عدالتی حکم کے خلاف ظالمانہ گرفتاری کی شدید مذمت
- چودھری پرویز الٰہی کی فوری رہائی کا پرزور مطالبہ
- تحریک انصاف جنوبی پنجاب کے صدر سینیٹر عون عباس بپّی سے مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار
- تحریک انصاف کیلئے ان کی گراں قدر خدمات کو زبردست خراج تحسین
- جبری گمشدگی اور غیر معمولی دباؤ اور ننگی فسطائیت سے حاصل کردہ پیغام کی کوئی حیثیت نہیں۔
- سینیٹر عون عباس بپّی تحریک انصاف کا حصہ ہیں اور رہیں گے۔
- چیئرمین تحریک انصاف کیخلاف آئین و قانون کی منشاء اور اصولوں کے برعکس جیل میں چلائے جانے والے ٹرائل پر شدید تشویش کا اظہار
- عدالتی احکامات اور فیئر ٹرائل کے دستوری حق کے پیشِ نظر چیئرمین کیخلاف امتیازی و انتقامی کارروائی فوری بند کرنے کا مطالبہ
- اجلاس میں سپریم کورٹ آف پاکستان سے نیب قانون میں ترامیم کے خلاف چیئرمین عمران خان کی درخواست کی سماعت کے احوال کا بھی جائزہ
- عدالتِ عظمیٰ سے معاملے کے بلا تاخیر فیصلے اور نیب کی تباہی کے انسداد کے اہتمام کی استدعا

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

- مجرم اور کرپٹ گروہ پر سیاست کے دروازے کھولنے کیلئے نیب قانون میں ترامیم کے ذریعے احتساب کے نظام پر شب خون مارا گیا۔
- چیئرمین عمران خان کا کرپشن کے انسداد اور کرپٹ عناصر کے محاسبے کے حوالے سے ویژن واضح اور دوٹوک ہے۔
- کرپٹ سیاستدانوں سے کسی سمجھوتے کی بجائے ان سے قوم کی لوٹی گئی دولت واپس نکلوانے کے ہدف سے دستبردار نہیں ہوں گے۔
- اجلاس میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں تازہ اضافہ نہایت ظالمانہ قرار دیتے ہوئے مسترد
- بجلی کے ناقابلِ ادائیگی نرخوں اور بدترین مہنگائی کے خلاف جاری عوامی احتجاج کی بھرپور تائید کے اعلان کا بھی اعادہ
- الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے حلقہ بندیوں کے شیڈیول کا از سرِ نو اجراء غیر اہم اور انتخابات کے 90 روز سے آگے التواء کی کوشش قرار
- الیکشن کمیشن سے آئین کی منشاء کا احترام کرنے اور حیلہ سازیاں ترک کر کے 90 روز میں صاف شفاف انتخابات کا انعقاد یقینی بنانے کا مطالبہ
- ملک و قوم کو درپیش سنگین بحرانوں کا واحد حل صاف شفاف اور بروقت انتخابات ہیں۔
- اجلاس میں خیبر پختونخوا میں فوجی جوانوں کی شہادت پر بھی رنج و دکھ کا اظہار
- شہداء کے درجات کی بلندی اور اہلِ خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk